بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن گوجرانوالہ

نمبر 5446/اے سی سی　　تاریخ 21-01-2025

سرکلر

جملہ متعلقین کی اطلاع کے لئے مشتہر کیا جاتا ہے کہ پنجاب یونیورسٹی اینڈ بورڈز آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن مال پریکٹسز (Malpractices) ایکٹ 1950 ترمیم شدہ 1999 کی دفعات 3.a(xii) 3 اور 3.a(iv) کے مطابق دوران امتحان/بعد از امتحان سوالیہ پرچہ جات کی سوشل میڈیا پر تشہیر قابل سزا جرم ہے جس کی سزا عرصہ تین سال تک قید اور پچاس ہزار روپے تک جرمانہ ہو سکتی ہے۔ مذکورہ ایکٹ کی دفعات کا متن درج ذیل ہے۔

Whoever is guilty of,

"Pre-mature disclosure of a question or question paper knowing that such question or question paper is to be put or set at any examination written or oral, shall be punished with imprisonment for a term which may extend to 3 years and with fine which may extend to Rs. 50,000 "

مزید یہ کہ دوران امتحان کوئی فرد کسی آلے/ڈیوائس کی مدد سے سوالیہ پرچے کی تصویر نہ لے، کسی قسم کی ریکارڈنگ نہ کرے اور امتحانی عمل میں کسی قسم کی رکاوٹ نہ ڈالے کیونکہ ایسا کرنا قانوناً جرم ہے۔ ایسی صورت حال میں بھی مذکورہ ایکٹ کی دفعات 3.a(vi), 3.a(x) اور 3.a(xii) کے تحت 3 سال قید اور 50 ہزار روپے جرمانے کی سزا ہو سکتی ہے۔

مندرجہ بالا قوانین کی روشنی میں جملہ متعلقین سے التماس ہے کہ وہ تعلیمی بورڈ گوجرانوالہ کے زیر اہتمام منعقد ہونے والے امتحانات میں کسی قسم کے غیر قانونی ذرائع استعمال کرنے سے اجتناب کریں۔ بصورت دیگر حسب ضابطہ تادیبی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

Sd

پروفیسر محمد نعیم بٹ

کنٹرولر امتحانات

کاپی برائے اطلاع:

1 پی ایس ٹو چیئرمین

2 پی اے ٹو سیکرٹری/کنٹرولر امتحانات۔

3 ڈائریکٹر کالجز، گوجرانوالہ ڈویژن، گوجرانوالہ۔

4 سی ای او (ایجوکیشن)، گوجرانوالہ، حافظ آباد، گجرات، منڈی بہاؤالدین، سیالکوٹ اینڈ نارووال۔

5 سسٹم اینالسٹ برائے (برائے اپ لوڈ بورڈ ویب سائٹ)۔

6 جملہ سربراہان ادارہ جات۔

7 جناب ڈسٹرکٹ پولیس آفیسرز (گوجرانوالہ، حافظ آباد، گجرات، منڈی بہاؤالدین، سیالکوٹ اینڈ نارووال)

8 جملہ بورڈ ممبران بورڈ ہذا

9 ڈپٹی ڈائریکٹرز/کالجز (گوجرانوالہ، حافظ آباد، گجرات، منڈی بہاؤالدین، سیالکوٹ اینڈ نارووال)

10 آفس کاپی/داخلی تقسیم

اسسٹنٹ کنٹرولر (کنڈکٹ)